AQF / Shabbir

01-07-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. محمدعمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج صبح گورکھپور میں مہایوگی گرو گورکھ ناتھ آیوش یونیورسٹی کا افتتاح کریں گی۔

-2 ریلوے کے محکمے نے آج سے مسافر ٹرین خدمات کیلئے بنیادی کرائے کو معقول بنایا ہے۔

-3 بھارتی موسمیات محکمے نے جولائی کے مہینے میں پورے ملک میں معمول سے زیادہ بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

-4 امریکہ، بھارت، جاپان اور آسٹریلیا نے بھارت- بحرالکاہل خطے میں بحری سیکیورٹی بڑھانے کی خاطر تاریخی کواڈ سمندری مشاہدہ مشن کا آغاز کیا ہے۔

-5 وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج شام واشنگٹن DC میں کواڈ کے وزراءِ خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

-6 اور: ملک بھر کے اسکولوں میں 10 لاکھ فٹبال تقسیم کی جائیں گی تاکہ طلبا میں کھیلوں کے مضبوط کلچر کو بڑھاوا دیاجا سکے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PREZ-GORAKHPUR VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج، گورکھپور میں گورنر آنندی بین پٹیل اور وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی موجودگی میں اترپردیش کی پہلی مہایوگی گرو گورکھ ناتھ آیوش یونیورسٹی کا باضابطہ افتتاح کریں گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Om Awasthi

*صدر جمہوریہ کے اترپردیش کے دورے کے دوسرے دن مہایوگی گورکھ ناتھ کے نام پر ریاست کی پہلی آیوش یونیورسٹی کا افتتاح کیا جائے گا۔ یہ آیوروید، یونانی اور ہومیوپیتھی سمیت روایتی نظام طِب میں تعلیم اور علاج دونوں لحاظ سے ایک اہم مرکز ہوگا۔ تعلیمی ادارے سے بڑھ کر یہ یونیورسٹی خطے میں روزگار کے نئے امکانات کے علاوہ اَدویاتی پودوں کی تجارتی کاشتکاری کو فروغ دے گی۔ اس یونیورسٹی کا*

سنگ بنیاد 28 اگست 2021 کو، اُس وقت کے صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند نے رکھا تھا۔ 52 ایکڑ سے زیادہ رقبے میں پھیلی یہ یونیورسٹی 267 کروڑ روپے سے زیادہ کے منظور شدہ بجٹ سے قائم کی گئی ہے۔ یونیورسٹی کا افتتاح کرنے کے بعد صدر جمہوریہ گورکھ ناتھ مندر بھی جائیں گی۔ اس کے علاوہ محترمہ مرمو Sonbarsa میں مہایوگی گورکھ ناتھ یونیورسٹی کے آرگیہ دھام کیمپس میں تعلیمی بلاک، آڈیٹوریم اور پنچ کرما سینٹر کا افتتاح اور لڑکیوں کے ہاسٹل کا سنگ بنیاد رکھیں گی۔ صدر جمہوریہ کے دورے کے پیش نظر گورکھپور میں سکیورٹی کا پختہ بندوبست کیا گیا ہے۔

لکھنؤ سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

## RAILWAY FARE

ریلوے کی وزارت نے آج سے مسافر ٹرینوں کیلئے بنیادی کرائے کو معقول بنایاہے۔ ٹرین کے کرایوں میں معمولی اضافہ کیا گیا ہے،  غیر AC، میل اور ایکسپریس ٹرینوں کیلئے فی کلو میٹر ایک پیسہ، جبکہ AC کلاس کیلئے دو پیسے فی کلو میٹر کا اضافہ کیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ مضافاتی ٹرینوں کے کرائے اور ماہانہ سیزن ٹکٹوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ ریزرویشن فیس، سپرفاسٹ چارجز اور دیگر چارجز میں بھی کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ وزارت نے اجاگر کیا کہ اس اقدام کا مقصد مسافر ٹرینوں کے کرائے کے ڈھانچے کو بہتر بنانا اور مسافر ٹرین سروسز کی مالیاتی پائیداری میں اضافہ کرنا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Anand Kumar

500 کلو میٹر تک کے سیکنڈ کلاس کے سفر کے کرائے میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ اس سے زیادہ کی دوری کیلئے کرائے میں فی کلومیٹر آدھا پیسے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ اب مسافروں کو 501 کلومیٹر سے لے کر ڈیڑھ ہزار کلومیٹر تک کے سفر کیلئے اضافی پانچ روپے ادا کرنے ہوں گے، جبکہ ایک ہزار 501 سے 2ہزار 500 کلو میٹر کی دوری کیلئے 10 روپے اضافی اور 2 ہزار 501 کلومیٹر سے تین ہزار کلومیٹر تک کے سفر کیلئے مزید 15 روپے ادا کرنے ہوں گے۔ راجدھانی، شتابدی، دورنتو، وندے بھارت اور Tejas جیسی پریمئر اور اسپیشل ٹرینوں میں بھی نظرثانی شدہ کرائے کا اطلاق ہورہا ہے۔ نئے کرائے کا اطلاق آج اور آج کے بعد بک ہونے والے ٹکٹوں پر ہوگا۔ آج کی تاریخ سے پہلے بک کئے گئے ٹکٹس قبول کئے جائیں گے۔ اُن سے کوئی اضافی کرایہ وصول نہیں کیا جائے گا۔

آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**DELHI VEHICLE POLICY**

قومی راجدھانی دلی میں 15 سال سے زیادہ پرانی پیٹرول والی موٹر گاڑیوں اور 10 سال سے زیادہ پرانی ڈیزل والی موٹر گاڑیوں کو آج سے ایندھن نہیں ملے گا۔ ہوا کی کوالٹی سے متعلق کمیشن نے قومی راجدھانی کے سبھی پیٹرول پمپوں کو یہ ہدایت دی ہے کہ اُن گاڑیوں کو پیٹرول اور ڈیزل نہ دیا جائے جو طے شدہ مدت سے زیادہ پرانی ہو چکی ہیں۔ اِس اقدام کا مقصد ہوا کی کوالٹی کو بہتر بنانا ہے۔x

**LPG-PRICE**

دلّی میں 19 کلوگرام کے کمرشیل LPG سلینڈر کی قیمت 58 روپے 50 پیسے کم ہوگئی ہے۔ انڈین آئل کارپوریشن لمیٹڈ نے اعلان کیا ہے کہ دلی میں اب ایک کمرشیل LPG سلینڈر کی خردہ قیمت ایک ہزار 665 روپے ہوگئی ہے۔ اُدھر کولکاتہ میں کمرشیل LPG کی قیمت 57 روپے کم ہوئی ہے جبکہ ممبئی میں 58 روپے اور چنئی میں 57 روپے 50 پیسے کم ہوگئی ہے۔ البتہ گھریلو LPG سلینڈر کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔x

**IMD-RAINFALL**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ جولائی کے مہینے کے دوران مجموعی طور پر ملک بھر میں ہونے والی اوسط بارش معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ یہ اوسط بارش، طویل مدتی اوسط سے زیادہ 106 فیصد رہنے کا امکان ہے۔

ایک ورچوئل پریس کانفرنس کے دوران IMD کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Mrutyunjay مہاپاترا نے کہا کہ ملک کے زیادہ تر علاقوں میں معمول سے زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ البتہ ملک کے شمال مشرقی اور مشرق کے زیادہ تر علاقوں، نیز انتہائی جنوب میں واقع جزیرہ نما علاقوں اور شمال مغربی خطے میں اس سال جولائی کے مہینے کے دوران معمول سے کم بارش ہونے کا امکان ہے۔x

**HP-MONSOON**

ہماچل پردیش میں جنوب مغربی مانسون سرگرم ہے اور اِس کی وجہ سے روزمرہ کی زندگی شدید طور پر متاثر ہوئی ہے۔ ریاست کے کئی ضلعوں میں بادل پھٹنے، چٹانوں کے ٹکڑے گرنے، پانی بھر جانے اور موسلا دھار بارش ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ دریا اور نالے طغیانی پر ہیں۔ شملہ میں موسمیات مرکز نے ریاست کے بیشتر حصوں میں 6 جولائی تک شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ لوگوں سے احتیاط برتنے کو کہا گیا ہے۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**QUAD-OBSERVER MISSION**

بھارت-بحرالکاہل میں بحری اشتراک کو مستحکم بنانے کی ایک تاریخی پہل کے تحت بھارت، جاپان، امریکہ اور آسٹریلیا کی کوسٹ گارڈ نے بحری جہاز میں کواڈ مشاہد مشن کا آغاز کیا ہے، جو اس طرح کا اولین مشن ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ: **V/C - Ashok Shukla**

*Wilmington اعلانیے کے تحت مذکورہ مشن میں ہر ملک کی خاتون افسروں سمیت دو افسر امریکی کوسٹ گارڈ کے Cutter Stratton میں سوار ہیں، جو فی الحال Guam جا رہا ہے۔ یہ اہم مشن کواڈ کے ممبر ملکوں کے مابین تال میل میں ایک نمایاں قدم ہے جس کا مقصد خطے میں مشترکہ تیاری کو بڑھاوا دینا، بیداری پیدا کرنا اور مختلف شعبوں کے درمیان مفاہمت کو فروغ دینا ہے۔ یہ قدم ستمبر 2024 میں کواڈ رہنماؤں کی سربراہ میٹنگ میں پیش کیے گئے نظریے سے بھی مطابقت رکھتا ہے اور ایک آزاد، کھلے، سب کی شمولیت والے اور ضابطوں پر مبنی بھارت-بحرالکاہل خطے کے تئیں عہد کو مضبوط کرتا ہے۔ اِس میں بھارت کے شامل ہونے سے خطے میں سبھی کیلئے سلامتی اور ترقی یعنی اُس کا کلیدی ساگر نظریہ اُجاگر ہوتا ہے اور اُس کی وسیع تر بھارت-بحرالکاہل سمندری پہل کو تقویت ملتی ہے، جس میں صلاحیت سازی، انسانی ہمدردی کی کوششوں اور بحری قانون کو سربلند رکھنے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔*

*دلی سے اشوک شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .....*

**JAISHANKAR QUAD MEETING**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج امریکہ میں واشنگٹن DC میں کواڈ کے وزراءِ خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ ایک بیان میں وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ کواڈ کے وزراءِ خارجہ، اِس سال 21 جنوری کو واشنگٹن میں اپنی گذشتہ میٹنگ کے دوران کیے گئے تبادلۂ خیال کو آگے لے جانے پر کام کریں گے۔ یہ وزراءِ خارجہ علاقائی اور عالمی حالات وواقعات، خاص طور پر بھارت-بحرالکاہل سے متعلق معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے اور کواڈ رہنماؤں کی سربراہ کانفرنس سے قبل مختلف کواڈ اقدامات پر اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیں گے۔ یہ سربراہ کانفرنس بھارت میں ہوگی۔

امریکہ کے وزیر خارجہ Marco Rubio اِس میٹنگ کی میزبانی کریں گے۔ اِس میں آسٹریلیا کے وزیر خارجہ Penny Wong اور جاپان کے وزیر خارجہ Iwaya Takeshi بھی شرکت کریں گے۔x

**JAISHANKAR-UN EXHIBITION**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ دہشت گردی جہاں کہیں بھی ہو، ہر جگہ امن کے لیے خطرہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ جو بھی ملک دہشت گردی کی پُشت پناہی کرتا ہے، اُسے بے نقاب کیا جانا چاہیے اور اِس کی مذمت کی جانی چاہیے۔ ڈاکٹر جے شنکر کل رات نیویارک میں اقوام متحدہ ہیڈ کوارٹرس میں ایک نمائش کے آغاز کے موقع پر اظہارِ خیال کر رہے تھے، جس کا موضوع تھا : ''دہشت گردی کی انسانی قیمت''۔

**S/B 0815 Jai Shankar / UN Exhibition**

**US-INDIA STRATEGIC AlIY**

وہائٹ ہاؤس کی پریس سکریٹری **Karoline Leavitt** نے بھارت - بحرالکاہل خطے میں ایک کلیدی اتحادی کے طور پر بھارت کے رول کی تعریف کی ہے۔ ایک پریس بریفنگ کے دوران جب اُن سے یہ سوال کیا گیا کہ بھارت-بحرالکاہل خطے میں چین کے اثر و رسوخ کو امریکہ کس طرح دیکھتا ہے، تو محترمہ **Leavitt** نے کہا کہ بھارت بدستور ایک بہت اہم اتحادی ملک ہے اور وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے اچھے مراسم ہیں اور رہیں گے۔

**S/B 0815 Leavitt US India Ally**

**SITHARAMAN FINANCING**

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ سرمائے کو بروئے کار لانے، پیداوار کو فروغ دینے، اختراع کو بڑھاوا دینے اور تکنیکی قوت کیلئے پرائیویٹ سرمایہ کاری ایک اہم عنصر ہے۔ انھوں نے کہا کہ جامع اور پائیدار معاشی ترقی کیلئے یہ سبھی عوامل ضروری ہیں۔ محترمہ سیتا رمن نے اسپین میں اقوامِ متحدہ کے زیرِ اہتمام ترقی کیلئے سرمایہ فراہم کرنے سے متعلق چوتھی بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ **S/B 0815 Sitharaman / Financing**

محترمہ سیتا رمن نے مزید کہا کہ غیر ملکی براہِ راست سرمایہ کاری **FDI** میں اتار چڑھاؤ اور بڑھتی ہوئی عالمی غیر یقینی کی کیفیت کے دور میں "پرائیویٹ سرمایہ" ترقی کے لیے سرمایہ فراہم کرنے کے ایک اہم وسیلے کے طور پر ابھرا ہے اور اِس کی اہمیت بڑھتی جا رہی ہے۔**x**

**WAVEX-STARTUP CHALLENGE**

اطلاعات ونشریات کی وزارت نے اسٹارٹ اَپ میں تیزی لانے والے اپنے اہم پروگرام **WAVEX** کے تحت **WAVEX** اسٹارٹ اَپ چیلنج **2025** کا آغاز کیا ہے۔ ملک بھر میں اسٹارٹ اَپ، مصنوعی ذہانت سے چلنے والے کثیر لسانی

ترجے کا حل تیار کرنے کیلئے قومی Hackathon میں حصہ لے سکتے ہیں۔ وزارت کے مطابق 'بھاشا سیتو- ریئل ٹائم لینگویج ٹیک فار بھارت' کے عنوان سے منعقدہ چیلنج کا مقصد کم سے کم بھارت کی 12 بڑی زبانوں میں بروقت ترجے، حروف اور آواز کی نقل کرنے کے قابل جدید مصنوعی ذہانت والے ٹولز کی ترقی کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ یہ پہل جامع، قابل رسائی اور جذبات سے آگاہ مواصلاتی ٹیکنالوجیز کو فروغ دینے کی ایک کوشش ہے۔

اس چیلنج میں وسیع پیمانے پر شرکت کی حوصلہ افزائی کیلئے وزارت نے اہلیت کا کوئی معیار مقرر نہیں کیا ہے۔ اس سے ترقی کے کسی بھی مرحلے پر اسٹارٹ اَپس کو درخواست دینے کی اجازت حاصل ہے۔ اسٹارٹ اپس کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اوپن سورس یا کم لاگت والے AI ماڈل کا استعمال کرتے ہوئے ترجے کیلئے توسیع پذیر اور کفایتی حل تیار کریں۔ چیلنج کے فاتح اسٹارٹ اَپ کو WAVEX کے تحت اِنکیوبیشن سپورٹ فراہم کی جائے گی۔ اس میں شرکت کیلئے 30 جون سے رجسٹریشن شروع ہوگیا ہے۔ پروٹوٹائپ جمع کرانے کی آخری تاریخ 22 جولائی ہے۔ دلچسپی رکھنے والے اسٹارٹ اپ آفیشیل WAVEX پورٹل WAVEX (ڈاٹ) wavesbazaar.com کے ذریعہ اپنی درخواست جمع کراسکتے ہیں۔x

**FOOTBALL DISTRIBUTION**

ملک بھر کے اسکولوں میں 10 لاکھ فٹبال تقسیم کی جائیں گی تاکہ فٹبال کے کھیل میں حصہ لینے کی حوصلہ افزائی کی جا سکے اور طلبا میں کھیلوں کے مضبوط کلچر کو بڑھاوا دیا جا سکے۔

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کولکاتہ میں پی ایم شری کیندریہ ودیالیہ، فورٹ ولیم میں Football for Schools اسکیم کے تحت FIFA فٹبال تقسیم کرنے کے عمل کا آغاز کرتے ہوئے یہ اعلان کیا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب دھرمیندر پردھان نے بتایا کہ اکیلے مغربی بنگال میں ہی 88 ہزار سے زیادہ فٹبال تقسیم کی جائیں گی، جس سے تقریباً 15 سے 16 لاکھ بچوں کو فائدہ ہوگا۔ x

**CRICKET-W T-20**

انگلینڈ میں، Bristol کے مقام پر آج بھارت اور انگلینڈ کے درمیان خواتین کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کا دوسرا میچ کھیلا جائے گا۔ پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بھارتی خواتین نے انگلینڈ کو 97 رن سے ہرا دیا تھا۔x0

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - محمد عمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے تلنگانہ میں کیمیکل فیکٹری میں خوفناک دھماکے میں 12 مزدوروں کی موت کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اس سلسلے میں اخبار انقلاب کی شہ سرخی ہے : تلنگانہ کی فیکٹری میں خوفناک دھماکہ، 12 افراد ہلاک، 35 زخمی، وزیراعظم کا اظہار افسوس۔ اخبار پرتاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ اسٹیل ابھرتے ہوئے بھارت کی بنیاد ہے۔ اخبار ملاپ لکھتا ہے کہ وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن اسپین، پرتگال اور برازیل کے دورے پر۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی ایک سرخی ہے کہ امرناتھ یاترا کے پر امن انعقاد کیلئے تمام تیاریاں مکمل۔

غزہ میں بمباری کے درمیان جنگ بندی کی کوششیں جاری، بات چیت کیلئے اسرائیلی حکام واشنگٹن میں، تازہ حملوں میں مزید 72 فلسطین ہلاک۔ یہ خبر بھی سبھی اخباروں میں نمایاں ہے۔ اخبارات نے ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ IAEA کی رپورٹ ہماری ایٹمی سہولیات پر حملے کا بہانہ تھی۔ اخبارات نے دلّی-NCR سمیت کئی ریاستوں میں بارش کا الرٹ جاری ہونے، ہماچل، اتراکھنڈ اور یوپی میں اسکول بند ہونے سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- اصدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج صبح گورکھپور میں مہایوگی گرو گورکھ ناتھ آیوش یونیورسٹی کا افتتاح کریں گی۔
2- ریلوے کے محکمے نے آج سے مسافر ٹرین خدمات کیلئے بنیادی کرائے کو معقول بنایا ہے۔
3- بھارتی موسمیات محکمے نے جولائی کے مہینے میں پورے ملک میں معمول سے زیادہ بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔
4- امریکہ، بھارت، جاپان اور آسٹریلیا نے بھارت- بحرالکاہل خطے میں بحری سیکیورٹی بڑھانے کی خاطر تاریخی کواڈ سمندری مشاہد مشن کا آغاز کیا ہے۔
5- وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج شام واشنگٹن DC میں کواڈ کے وزراءِ خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔
6- اور:ملک بھر کے اسکولوں میں 10 لاکھ فٹبال تقسیم کی جائیں گی تاکہ طلبا میں کھیلوں کے مضبوط کلچر کو بڑھاوا دیاجاسکے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---